بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-6514525-26-27

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

حوالہ نمبر: AM-9360-1444/s

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم

مدرسہ/جامعہ......................................

تاریخ: 07-01-1444
06-08-2022

عنوان: **درجہ حفظ کے نمبروں کی تقسیم اور شرائط امتحان میں ترمیم**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

وفاق المدارس کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ 27،28 ربیع الاول 1443ھ مطابق 3،4 نومبر 2021ء اور اجلاس منعقدہ 9 شوال المکرّم 1443ھ مطابق 11 مئی 2022ء میں درجہ حفظ کے امتحانی ضوابط میں جو ترامیم کیں، برائے آگاہی پیش خدمت ہیں:

شرائط امتحان حفظ میں ترمیم:

وفاق کے تحت درجہ حفظ کا امتحان دینے کے لیے پہلے سے طے شدہ شرط یہ ہے کہ طالب علم نے قرآن کریم مکمل حفظ کیا ہو اور وفاق سے ملحق کسی مدرسہ کا باقاعدہ طالب علم ہو، پرائیویٹ نہ ہو۔ اس سلسلہ میں جدید ترمیم درج ذیل ہے:

(الف) البتہ جو طلبہ وطالبات کسی مکتب میں حفظ کرتے ہیں اس کا الحاق وفاق سے کرالیا جائے یا وفاق سے ملحقہ کسی مدرسہ کی شاخ بنالیا جائے تو ان کے طلبہ وطالبات کا سالانہ امتحان وفاق سے کرایا جاسکے گا۔

(ب) اسی طرح جو طلبہ وطالبات کسی اسکول کے شعبہ حفظ میں پڑھتے ہیں یہ اسکول اپنے شعبہ حفظ کو وفاق سے ملحق کرالیں یا کسی ملحقہ مدرسہ کی شاخ بنوالیں تو یہ طلبہ بھی وفاق کے امتحان میں شریک ہوسکتے ہیں۔

(ج) اسی طرح جو طلبہ نجی طور پر ٹیوشن سے یا کسی گھر میں حفظ کرتے ہیں یہ طلبہ وطالبات وفاق کے امتحان میں اس شرط کے ساتھ شریک ہوسکتے ہیں کہ وہ وفاق سے ملحقہ مدرسہ میں امتحان سے تین ماہ قبل داخلہ لے لیں اور وہاں اپنی منزل سنا کر اس میں کامیابی حاصل کرلیں۔ مدرسہ کی تصدیق کے ساتھ ان کا داخلہ وصول کیا جائے گا۔

حفظ قرآن کریم کے نمبروں کی تقسیم:

1444ھ سے وفاق کے تحت امتحان حفظ قرآن کریم کے نمبروں کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔ امتحان کے کل نمبر 100 ہیں۔ جس میں سے پختگی کے 60 نمبر ہوں گے۔ کل چھ سوال ہوں گے۔ ہر پانچ پاروں میں سے دس نمبروں کا ایک سوال ہوگا جو کہ کم از کم آٹھ لائنوں پر مشتمل ہوگا۔ پختگی کے 60 میں سے 30 نمبر حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔ صفات اور مخارج کے 30 میں سے (چالیس فیصد) 12 نمبر لینا ضروری ہوں گے۔ مسائل کے دس نمبر ہوں گے۔ مسائل کی راہنمائی کے لیے نماز حنفی (مولفہ حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ) اور تعلیم الاسلام حصہ اول (مولفہ حضرت مولانا مفتی کفایت اللہؒ) معیار ہوں گی۔

والسلام

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

وفاق المدارس العربیہ پاکستان
کے تحت آن لائن داخلہ کی وصولی

(1) وفاق المدارس کے تحت مدارس کی سہولت کے لیے، داخلہ کی آن لائن وصولی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

(2) درجہ حفظ، متوسطہ، رجسٹریشن درجہ اولیٰ، ثانویہ خاصہ سال اول بنات، دراسات سال اول اور تجوید حفاظ کا داخلہ حسب سابق مروجہ داخلہ فارم پر ہوگا۔ ان کے علاوہ دیگر درجات کا داخلہ بھی آن لائن یا سابقہ مروجہ داخلہ فارم پر قابل قبول ہوگا۔

(3) رول نمبر سلپ بذریعہ ڈاک نہیں بھجوائی جائیں گے۔ ''وفاق المدارس'' کی ویب سائٹ سے پرنٹ نکالیں۔

(4) طالب علم از خود آن لائن داخلہ نہیں کر سکتا، مدرسہ کی طرف سے داخلے کیے جائیں گے، کوشش کی جائے کہ تمام طلبہ کے داخلے، مقررہ تاریخ اور شرح فیس کے مطابق یکبارگی جمع کیے جائیں۔

آن لائن داخلے کے لیے درج ذیل چار بٹن بنائے گئے ہیں:

(بٹن نمبر 1) آن لائن داخلہ: وفاق کی ویب سائٹ کے صفحہ اول پر موجود ''آن لائن داخلہ'' کا بٹن موجود ہے۔ اس بٹن کو کلک کرنے سے ''لاگ ان فارم'' کھل جائے گا۔

(بٹن نمبر 2) خفیہ کوڈ: ہر مدرسہ / جامعہ کے الحاق نمبر (آخری پانچ ہندسوں پر مشتمل) کو ابتدائی طور پر Usrename اور خفیہ کوڈ (Password) قرار دیا گیا ہے۔

داخلہ کے لیے ''لاگ ان فارم'' میں مدرسہ کا الحاق نمبر درج کریں۔ نیز پہلی فرصت میں ''تبدیلی خفیہ کوڈ'' بٹن کے ذریعے اپنا خفیہ کوڈ (Password) تبدیل کر لیں تاکہ کوئی غیر متعلقہ شخص استعمال نہ کر سکے۔

''لاگ ان فارم'' میں خفیہ کوڈ کے اندراج کے بعد ''آن لائن داخلہ فارم'' کھل جائے گا۔

اس فارم میں متعلقہ شعبہ ''بنین'' یا ''بنات'' منتخب کریں۔ متعلقہ درجہ کا انتخاب کریں اور طالب علم / طالبہ کا رجسٹریشن نمبر (رقم التسجیل) درج کریں۔

(بٹن نمبر 3) کوائف طالب علم: رجسٹریشن نمبر کے اندراج کے بعد ''کوائف طالب علم'' کا بٹن کلک کریں۔ جس سے مطلوبہ طالب علم / طالبہ کا وفاق کے ریکارڈ میں موجود تفصیلی ڈیٹا سامنے آجائے گا۔

(بٹن نمبر 4) داخلہ محفوظ کریں: اس فارم کے آخر میں ''داخلہ محفوظ کریں'' کا بٹن موجود ہے۔ اس بٹن پر کلک کریں گے تو داخلہ ہو جائے گا۔ ہر طالب علم کے داخلہ کے لیے یہی عمل دوہرانا ہوگا۔

داخلہ محفوظ کرنے سے پہلے طالب علم کے تفصیلی کوائف کو بغور دیکھ کر اطمینان حاصل کرنا ضروری ہے۔

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس پرنٹ کرنے کا طریقہ کار:

''داخلہ کی درجہ وار فہرست'' کے بٹن پر کلک کر کے داخلہ کی درجہ وار مکمل فہرست پرنٹ کریں۔ جبکہ ''چالان فارم برائے وصولی فیس'' کا پرنٹ نکال کر اس کے مطابق بینک میں رقم جمع کروائیں۔

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس کی دفتر وفاق کو ترسیل:

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس پر دستخط مہتمم اور مہر مدرسہ ثبت کرنا لازم ہے اور ان دونوں مصدقہ اصل دستاویزات کے ساتھ فیس کا ثبوت لف کر کے دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے (ان کی کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں)۔

واضح رہے کہ مدرسہ کی طرف سے بھیجی گئی فہرست اور فیس کے مطابق طلبہ وطالبات کے رول نمبر جاری کیے جائیں گے۔

نوٹ: عالیہ سال اول بنین کی فہرست کے ساتھ اس درجہ کے طلبہ کی تازہ تصاویر لف کرنا لازم ہے۔ ہر طالب علم کی تصویر کی پشت پر اس کا نام اور رقم التسجیل ضرور لکھیں۔